''معاشی نظام''

۹۔ اسلامی نظام معیشت کے مقاصد اور چیدہ چیدہ خصوصیات بیان کیجئے۔

۱۰۔ (الف) ایک معیشت کے مرکزی مسائل کیا ہیں؟

(ب) یہ مسائل سرمایہ دارانہ معیشت میں کس طرح حل کیے جاتے ہیں؟

## معاشیات (ریگولر) ۲۰۱۲ء

وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

ہدایات: (۱) کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

(۲) جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

''جزوی معاشیات''

۱۔ (الف) جزوی اور کلی معاشیات میں فرق بیان کیجئے۔ یہ معاشی تجزیے میں کس طرح مددگار ثابت ہوتے ہیں؟ وضاحت کیجئے۔

(ب) ''معاشیات کمیابی اور انتخاب کا علم ہے۔'' واضح کیجئے۔

۲۔ (الف) عدم ترجیح کے خط کی خصوصیات ڈائیگرام کی مدد سے واضح کیجئے۔

(ب) خطوط عدم ترجیح کے اسلوب کے ذریعے صارف کے توازن کی وضاحت کیجئے۔

۳۔ (الف) مکمل اور نامکمل منڈیوں میں فرم کی وصولیوں کا جائزہ لیجئے۔

(ب) مکمل مقابلہ کے تحت قلیل عرصہ میں فرم کے توازن کی اشکال کی مدد سے تشریح کیجئے۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) طلب کی لچک بوجہ قیمت (ii) اندرونی اور بیرونی کفایتیں

(iii) امتیاز قیمت (iv) معاشیات بطور علم الحقیقت اور علم الهدایت

''کلی معاشیات''

۵۔ (الف) قومی آمدنی کی تعریف کیجئے اور اس کے مختلف تصورات بیان کیجئے۔

(ب) قومی آمدنی کی پیمائش کا کوئی ایک طریقہ تفصیل سے بیان کیجئے۔

۶۔ کینز کے نظریہ روزگار اور آمدنی کو ڈائیگرام کی مدد سے بیان کیجئے۔

۷۔ افراطی شگاف اور تفریطی شگاف کی وضاحت شکل کی مدد سے کیجئے یہ شگاف کس طرح دور کیے جاسکتے ہیں؟ وضاحت کیجئے۔

۸۔ حسب ذیل میں سے کسی دو (۲) پر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) مختتم استعداد سرمایہ (ii) زری پالیسی کے آلات

(iii) مؤثر طلب (iv) بیروزگاری کی اقسام

''معاشی نظام''

۹۔ ''اسلام کا معاشی نظام سرمایہ دارانہ نظام اور اشتراکی نظام سے برتر ہے۔'' دلائل سے بحث کیجئے۔

۱۰۔ اسلامی بینکاری اور دور جدید کی بینکاری میں کیا فرق ہے؟ تشریح کیجئے۔

۱۱۔ معیشت کے بنیادی مسائل کیا ہیں؟ انہیں مخلوط معاشی نظام میں کس طرح حل کیا جاسکتا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

## معاشیات (ریگولر) ۲۰۱۶ء

وقت: ۳ گھنٹے
کل نمبر: ۱۰۰

ہدایات: (ا) کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

### ''جزوی معاشیات''

۱۔ (الف) آپ کس طرح واضح کر سکتے ہیں کہ پروفیسر ہکس کا بیان کردہ اسلوب رویہ صارف کا تجزیہ کرنے کا بہترین اسلوب ہے؟

(ب) ایک ایسا آمدنی اور صرف کا خط اخذ کریں جس میں x ایک معیاری شے اور y ایک کمتر شے ہے ظاہر کی جا رہی ہو۔

۲۔ (الف) طلب کی متقاطع لچک اور آمدنی کی لچک کے درمیان فرق واضح کریں۔

(ب) ایک منڈی میں پیاز کی قیمت 40 روپے فی کلوگرام سے کم ہو کر 30 روپے فی کلوگرام ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے پیاز کی طلب 500 سے بڑھ کر 700 کلوگرام ہو جاتی ہے۔ طلب کی لچک معلوم کریں اور نتیجہ پر تبصرہ کریں۔

۳۔ (الف) مکمل مقابلہ اور اجارہ داری کے درمیان فرق واضح کریں۔

(ب) مختصر مدت کے دوران مکمل مقابلہ کے تحت فرم کا توازن بیان کریں۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر نوٹ لکھیں:

(i) معاشیات کا کلی اور جزوی تجزیہ (ii) قانون تقلیل حاصل

(iii) پیمانہ کفایت (iv) پیداوار کے ممکنہ خطوط

### ''کلی معاشیات''

۵۔ قومی آمدنی کی تعریف کریں اور درج ذیل میں فرق واضح کریں۔

(i) خام قومی پیداوار اور خام داخلی پیداوار

(ii) قومی آمدنی بازاری قیمت کے اعتبار سے اور قومی آمدنی عاملین کے معاوضوں کے مابین فرق واضح کریں۔

۶۔ (الف) خود اختیاری سرمایہ کاری اور ترغیب یافتہ سرمایہ کاری کے درمیان فرق واضح کریں۔

(ب) ضارب کے تصور کی وضاحت خط اور گوشوارہ کی مدد سے کریں۔

۷۔ قومی آمدنی متوازن سطح کا تعین کریں جب عمومی طلب = مجموعی رسد کے اور سرمایہ کاری = بچت کے۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر نوٹ لکھیں:

(i) زری پالیسی کے مقاصد (ii) سرمایہ کاری کی مختتم استعداد کار

(iii) بیروزگاری کی اقسام (iv) افراطی اور تفریطی رخنہ

### ''معاشی نظام''

۹۔ اسلامی معاشی نظام کی چیدہ چیدہ خصوصیات تحریر کریں۔

۱۰۔ سرمایہ دارانہ نظام کی خوبیاں اور خامیاں تحریر کریں۔

## معاشیات (پرائیویٹ) ۲۰۱۶ء

وقت: ۳ گھنٹے

کل نمبر: ۱۰۰

**ہدایات:** کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

### "جزوی معاشیات"

۱۔ (الف) ڈائیگرام کی مدد سے صارف کا توازن بیان کریں۔

(ب) حسب ذیل کا فرق واضح کیجئے:

طلب میں تبدیلی اور مقدار طلب میں تبدیلی، مثالوں سے واضح کریں۔

۲۔ اجارہ داری اور مکمل مقابلے کے تحت قلیل مدت میں فرم کا توازن اشکال کی مدد سے بیان کریں۔

۳۔ (الف) قانون تکثیر حاصل کی وضاحت گوشوارے اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔

(ب) قانون تکثیر حاصل کو قانون تقلیل مصارف کیوں کہا جاتا ہے؟

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر نوٹ تحریر کیجئے:

(i) خطوط عدم ترجیح کی خصوصیات (ii) استبدالی اثر

(iii) Isoquant & Isocost (iv) مختتم اور اوسط مصارف کے خطوط کے درمیان تعلق

### "کلی معاشیات"

۵۔ (الف) معاشیات میں سرمایہ کاری سے کیا مراد ہے؟ سرمایہ کاری کی اقسام بیان کریں۔

(ب) سرمایہ کاری کا تعین کرنے والے عوامل کی مدد سے سرمایہ کاری کی طلب کا خط کشید کیجئے۔

۶۔ (الف) ضارب کے تصور کی وضاحت کیجئے اور اس کے قومی آمدنی پر اثرات بیان کیجئے۔

(ب) ضارب کی قدر اور قومی آمدنی پر ہونے والے اثرات معلوم کیجئے جبکہ سرمایہ کاری میں اضافہ Rs.25,000 ہو اور Mpc = 0.25 ہو۔

۷۔ افراطی شگاف اور تفریطی شگاف کی وضاحت شکل کی مدد سے کیجئے۔ یہ شگاف کس طرح دور کئے جا سکتے ہیں؟ وضاحت کیجئے۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر نوٹ لکھئے:

(i) افراطِ زر (ii) مالیاتی پالیسی کے مقاصد

(iii) بے روزگاری کی اقسام (iv) اصول اسراع

### "معاشی نظام"

۹۔ اسلام کے معاشی نظام میں بے شک سرمایہ داری اور اشتراکی نظام کی کچھ قدریں مشترکہ ہیں لیکن اس کا اپنا علیحدہ تشخص ہے۔ وضاحت کیجئے۔

۱۰۔ آزادانی بازاری معیشت میں قیمتوں کی میکانیت کا نظام کس طرح معاشی نظام کے بنیادی فرائض کی انجام دہی میں مددگار بنتا ہے؟ بحث کیجئے۔

## معاشیات (ریگولر) ۲۰۱۵ء

وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

ہدایات: (ا) کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

### ''جزوی معاشیات''

۱۔ (الف) ممکنہ پیداواری خط کی مدد سے مواقعاتی لاگت کے تصور کی وضاحت کریں۔

(ب) اثر آمدنی اور اثر استبدال۔ اثر قیمت کے دو حصے ہوتے ہیں۔ خط عدم ترجیح کی مدد سے وضاحت کریں۔

۲۔ (الف) عمومی اشیاء کا خط طلب سیدھے ہاتھ کی جانب جھکتا ہوا کیوں ہوتا ہے؟ وضاحت کریں۔

(ب) ایک منڈی میں آلو کی قیمت 40 روپے فی کلوگرام سے کم ہو کر 30 روپے فی کلوگرام ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے آلو کی طلب 500 کلوگرام سے بڑھ کر 700 کلوگرام ہو جاتی ہے۔ طلب کی لچک معلوم کریں اور نتیجے پر تبصرہ کریں۔

۳۔ (الف) خم دار خط طلب سے کیا مراد ہے؟ ڈائیگرام سے وضاحت کریں۔

(ب) مختصر مدت میں اجارہ دارانہ مقابلے کے تحت فرم کا توازن ڈائیگرام کی مدد سے بیان کریں۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھیں:

(i) مضمر مصارف اور صریح مصارف (ii) عاملین پیدائش کا بہترین اشتراک

(iii) کفایات پیمانہ (iv) قانون مساوی افادہ مختتم

(v) قانون متغیر تناسب

### ''کلی معاشیات''

۵۔ (الف) بازاری قیمت پر خام ملکی پیداوار اور عاملین کی قیمت پر خام ملکی پیداوار کا فرق بیان کریں۔

(ب) خام ملکی پیداوار کی پیمائش کا کوئی ایک طریقہ بیان کریں۔

۶۔ (الف) اگر تفاعل صرف $C = 500 + 0.75y$ ہے تو ضارب کی قیمت معلوم کریں۔

(ب) کینز کا نظریہ آمدنی و روزگار بیان کریں۔

۷۔ (الف) مختتم استعداد سرمایہ سے کیا مراد ہے؟ اس کے عوامل بیان کریں۔

(ب) پھیلاؤ اور سکڑاؤ کی مالیاتی پالیسی سے کیا مراد ہے؟ کس طرح یہ پالیسیاں معاشی اہداف حاصل کرنے میں مددگار ہوتی ہیں؟

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھیں:

(i) اصول اسراع (ii) بے روزگاری کی اقسام

(iii) پیداواری رخنہ (iv) تفاعل بچت

### ''معاشی نظام''

۹۔ (الف) کسی معیشت کے بنیادی مسائل کیا ہوتے ہیں؟

(ب) مخلوط اور سرمایہ دارانہ نظام معیشت میں یہ مسائل کس طرح حل کیے جاتے ہیں؟

۱۰۔ اسلامی معاشی نظام کی خصوصیات اور مقاصد بیان کریں۔

# معاشیات (پرائیویٹ) ۲۰۱۵ء

وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

**ہدایات:** کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

## "جزوی معاشیات"

۱۔ (الف) صارف کے توازن سے کیا مراد ہے؟

(ب) خطوط عدم ترجیح کی مدد سے اثر آمدنی کے تحت صارف کے توازن کی وضاحت کیجئے۔

۲۔ (الف) طلب کی لچک بوجہ قیمت بیان کریں۔ (ب) طلب کی مختلف اقسام کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔

۳۔ (الف) اجارہ داری اور مکمل مقابلہ کے بازار میں فرق واضح کریں۔

(ب) قلیل مدت میں مکمل مقابلے کے دوران ایک فرم کس طرح متوازن کیفیت حاصل کرتی ہے؟

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے:

(i) اوسط اور مختتم لاگت (ii) جزوی و کلی معاشیات

(iii) اندرونی و بیرونی کفایتیں (iv) امتیازی قیمت

## "کلی معاشیات"

۵۔ (الف) قومی آمدنی سے کیا مراد ہے؟ قومی آمدنی کے مختلف تصورات کی وضاحت کریں۔

(ب) مندرجہ ذیل میں فرق کی وضاحت کریں:

(i) GNP اور GDP خام قومی پیداوار اور خام داخلی پیداوار

(ii) شخصی آمدنی اور قابل تصرف شخصی آمدنی

۶۔ (الف) صرف اور تقاعل صرف میں فرق واضح کیجئے۔

(ب) کیوں طویل مدتی مختتم میلان صرف قلیل مدتی مختتم میلان صرف سے بڑا ہوتا ہے؟

۷۔ (الف) قومی آمدنی کی متوازن سطح کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟

(ب) کیا قومی آمدنی کی متوازن سطح ہمیشہ کامل روزگار پر حائل ہوتی ہے؟ بحث کریں۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھئے:

(i) سیال پذیری کا جال (ii) ترغیب یافتہ اور خود اختیار سرمایہ کاری

(iii) زری پالیسی کے مقاصد (iv) کاروباری چکر

## "معاشی نظام"

۹۔ اسلامی نظام معیشت کے مقاصد اور خصوصیات بیان کریں۔

۱۰۔ (الف) معیشت کے بنیادی مسائل کیا ہیں؟

(ب) سرمایہ دارانہ اور اشتراکی نظام میں ان بنیادی مسائل کو کس طرح حل کیا جاتا ہے؟

## معاشیات (ریگولر) ۲۰۱۴ء

وقت: ۳ گھنٹے

کل نمبر: ۱۰۰

ہدایات: (ا) کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

### "جزوی معاشیات"

۱۔ (الف) آپ کس طرح واضح کر سکتے ہیں کہ پروفیسر ہکس کا بیان کردہ اسلوب رویہ صارف کا تجزیہ کرنے کا بہترین اسلوب ہے؟

(ب) ایک ایسا خط آمدنی وصرف اخذ کریں جس میں "x" ایک معیاری شے اور "y" ایک کمتر شے سے ظاہر کی جا رہی ہو۔

۲۔ (الف) امثال کی مدد سے طلب کی متقاطع لچک کی متبادلات اور تکمیلی اشیاء کے حوالے سے اہمیت بیان کریں۔

(ب) واضح کیجئے کہ موبائل فون کی طلب لچکدار یا غیر لچکدار کس طرح ہوتی ہے۔

۳۔ (الف) فرم کا خط رسد اخذ کریں۔

(ب) فرم اپنا کاروبار کب بند کرتی ہے، تصویری خاکے کے ذریعے واضح کریں۔

۴۔ مناسب توجیحات بیان کریں۔

(i) قلیل مدتی اوسط مصارف کا خط اوسط متغیر مصارف کے خط کے اوپر کیوں واقع ہوتا ہے؟

(ii) نامکمل منڈی کے مقابلے میں اوسط وصولی اور مختتم وصولی کے خطوط منفی جھکاؤ کے حامل کیوں ہوتے ہیں؟

(iii) قانون تقلیل حاصل کا اطلاق زراعت پر خصوصیت سے کیوں ہوتا ہے؟

(iv) ضروری اشیاء کے حوالے سے قیمت اور مجموعی اخراجات میں کیا تعلق پایا جاتا ہے؟

### "کلی معاشیات"

۵۔ (الف) اگر خام قومی پیداوار 20000 ملین روپے ہو، مشینوں کی شکست وریخ پر آنے والے اخراجات کی مالیت 10000 ملین روپے ہو، بلواسطہ محصولات کی ادائیگی پر ہونے والے اخراجات کی مالیت 50000 ملین روپے ہو اور اعانتوں کی مد میں ہونے والے اخراجات کی مالیت 80000 ملین روپے ہو تو قومی آمدنی بلحاظ بازاری مالیت اور قومی آمدنی بلحاظ معاوضہ عاملین پیدائش کی پیمائش کیجئے۔

(ب) قومی آمدنی کی پیمائش مجموعی پیداوار کے طریقے کی مدد سے کی جائے یا مجموعی معاوضوں کے طریقے کی مدد سے کی جائے نتیجہ ہمیشہ ایک ہی آتا ہے۔ کیوں؟ وضاحت کیجئے۔

۶۔ زرعی پالیسی کے معیاری اور مقداری آلات کی وضاحت کریں اور یہ آلات کس طرح افراط زر اور تفریط زر کو منضبط کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ واضح کیجئے۔

۷۔ (الف) اگر ملک "x" میں ضارب کی عددی قدر 5 اور ملک "y" میں عددی قدر 1.33 ہے تو اس بات کی وضاحت کریں کہ دونوں ممالک میں ضارب کی عددی قدر مختلف کیوں ہے؟

(ب) واضح کریں کہ شرح سود میں تبدیلی کا کسی ملک کی معیشت کے مجموعی اخراجات پر کیا اثر ہوتا ہے؟

## معاشیات (پرائیویٹ) ۲۰۱۲ء

وقت: ۳ گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

ہدایات: کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

### "جزوی معاشیات"

۱۔ جزوی اور کلی معاشیات کے تصورات کی وضاحت کیجئے اور معاشی پالیسیوں کی تشکیل میں ان کی اہمیت بیان کیجئے۔

۲۔ (الف) خطوط عدم ترجیح کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(ب) خطوط عدم ترجیح کے اسلوب کی مدد سے صارف کا توازن بیان کیجئے۔

۳۔ (الف) اجارہ داری اور اجارہ دارانہ مسابقت کا موازنہ کیجئے۔

(ب) اجارہ دارانہ مسابقت کے تحت فرم کے قلیل مدتی توازن کی تشریح ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) طلب میں تبدیلی اور مقدار طلب میں تبدیلی

(ii) طلب کی نقطی لچک اور قوسی لچک

(iii) اوسط مصارف اور مختتم مصارف کے خطوط کے درمیان تعلق

(iv) امتیاز قیمت

### "کلی معاشیات"

۵۔ (الف) صرف اور آمدنی کے مابین تفاعلی رشتہ کی وضاحت ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔

(ب) "میلان صرف" کو متعین کرنے والے عوامل تحریر کیجئے۔

۶۔ (الف) مؤثر طلب سے کیا مراد ہے؟

(ب) قومی آمدنی کے توازن کی سطح کس طرح متعین ہوتی ہے؟ ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجئے۔

۷۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) کا فرق واضح کیجئے۔

(i) اوسط میلان بچت اور مختتم میلان بچت

(ii) خام قومی پیداوار اور خام داخلی پیداوار

(iii) خود اختیار سرمایہ کاری اور ترغیب یافتہ سرمایہ کاری

(iv) افراطی اور تفریطی رخنہ

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(i) اصول اسراع

(ii) قومی آمدنی کی پیائش بحوالہ "اضافی مالیت کا طریقہ"

(iii) مختتم استعداد سرمایہ

(iv) بے روزگاری کی اقسام

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) کینز کا نفسیاتی قانون صرف (ii) میلان صرف کے ذمے دار عوامل

(iii) مختتم میلان صرف اور مختتم میلان بچت کی قدریں ایک سے کم کیوں ہوتی ہیں؟

(iv) افراطی اور تفریطی شگاف

"معاشی نظام"

۹۔ اسلامی معاشی نظام کی خصوصیات پر روشنی ڈالیں اور یہ کہ یہ نظام دیگر معاشی نظاموں سے کیوں بہتر ہے؟

۱۰۔ سرمایہ دارانہ نظام کی خوبیاں اور خامیاں بیان کریں۔

## معاشیات (پرائیویٹ) ۲۰۱۴ء

وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

ہدایات: کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

جزوی اور کلی معاشیات سے دو (۲) اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

"جزوی معاشیات"

۱۔ (الف) صارف کے توازن کو ڈائیگرام کی مدد سے واضح کیجئے۔

(ب) صارف کے توازن کو متاثر کرنے والے مختلف اثرات بیان کیجئے۔

۲۔ (الف) اجارہ دارانہ مقابلے کی نمایاں خصوصیات بیان کیجئے۔

(ب) اجارہ دارانہ مقابلے کے تحت طویل مدت میں فرم کے توازن پر روشنی ڈالیں۔

۳۔ (الف) قانون تکثیر حاصل کی وضاحت گوشوارے اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔

(ب) قانون تکثیر حاصل کو قانون تقلیل مصارف کیوں کہا جاتا ہے؟

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) طلب اور رسد کا توازن یا تعین (ii) امتیازی قیمت

(iii) اجارہ داری (iv) جزوی اور کلی معاشی تجزیہ

"کلی معاشیات"

۵۔ ضارب کے تصور کی وضاحت کیجئے اور قومی آمدنی پر اس کے اثرات بیان کیجئے۔

۶۔ اوسط اور مختتم میلان بچت کی وضاحت گوشوارے اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔

۷۔ مؤثر طلب سے کیا مراد ہے؟ یہ کس طرح معیشت میں پیداوار اور روزگار کی سطح کو متاثر کرتی ہے؟ ڈائیگرام کی مدد سے واضح کیجئے۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر نوٹ لکھئے:

(i) مالیاتی پالیسی کے مقاصد (ii) قومی پالیسی اور اس کے مختلف تصورات

(iii) افراط زر (iv) میلان صرف پر اثر انداز ہونے والے عاملین

"معاشی نظام"

۹۔ اسلامی نظام معیشت پاکستان کے لئے مناسب ہے۔ تفصیل سے بحث کیجئے۔

۱۰۔ مخلوط نظام معیشت کی خوبیاں اور خامیاں بیان کیجئے۔

## معاشیات (ریگولر) ۲۰۱۳ء

وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

ہدایات: (ا) کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

### "جزوی معاشیات"

۱۔ (الف) قانون طلب اور طلب کی لچک بوجہ قیمت میں فرق واضح کیجئے۔

(ب) مندرجہ ذیل کے درمیان آپ کیسے فرق واضح کریں گے؟

(i) ضروری اشیاء اور تعیشاتی اشیاء میں طلب کی لچک بوجہ قیمت کی مدد سے

(ii) عام اشیاء اور گھٹیا اشیاء میں طلب کی لچک بوجہ آمدنی کی مدد سے

(iii) لازم و ملزوم اشیاء اور متبادل اشیاء میں طلب کی متقاطع کی لچک کی مدد سے

۲۔ (الف) مندرجہ ذیل میں فرق واضح کیجئے۔

(i) خطوط عدم ترجیح اور مساوی پیداوار کے خطوط (ii) صارف کا توازن اور آجر کا توازن

(ب) خطوط عدم ترجیح کے اسلوب کے ذریعے صارف کے توازن کی وضاحت کیجئے۔

۳۔ (الف) مندرجہ ذیل اصطلاحات کی وضاحت کیجئے:

(i) مکمل مقابلہ (ii) اجارہ داری (iii) چند کی اجارہ داری (iv) اجارہ دارانہ مقابلہ

(ب) اجارہ داری کے تحت قیمت اور پیداوار کا تعین کس طرح ہوتا ہے؟ کیا اجارہ داری کے تحت قیمت ہمیشہ مکمل مقابلے سے زیادہ ہوتی ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) ممکنہ پیداوار کا خط (ii) قانون تقلیل حاصل

(iii) اوسط لاگت اور مختتم لاگت (iv) معاشی پالیسیوں کی تشکیل میں جزوی اور کلی معاشیات کی اہمیت

### "کلی معاشیات"

۵۔ قومی آمدنی کی تعریف کیجئے اور مندرجہ ذیل میں فرق واضح کیجئے:

(i) خام قومی پیداوار اور خام داخلی پیداوار (ii) خالص قومی پیداوار اور خام قومی پیداوار

(iii) قومی آمدنی بازاری قیمت پر اور قومی آمدنی عاملین پیدائش کی لاگت پر

(iv) شخصی آمدنی اور قابل تصرف شخصی آمدنی

۶۔ "قومی آمدنی کی متوازن سطح اس جگہ حاصل ہوتی ہے جہاں مجموعی طلب مجموعی رسد کے برابر ہوتی ہے اور بچت سرمایہ کاری کے برابر ہوتی ہے" ڈایاگرام اور گوشوارہ کی مدد سے واضح کیجئے۔

۷۔ سرمایہ کاری کی اصطلاح کی وضاحت کیجئے اور مندرجہ ذیل کا فرق واضح کیجئے۔

(i) ترغیبی سرمایہ کاری اور خود اختیاری سرمایہ کاری (ii) سرمائے کی مختتم استعداد اور شرح سود

(iii) ضارب اور اصول اسراع

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے:

(i) اوسط اور مختتم میلان صرف (ii) بیروزگاری کی اقسام

(iii) تجارتی چکر کے ادوار (iv) زری پالیسی کے مقاصد

"معاشی نظام"

۹۔ سرمایہ دارانہ نظام معیشت حکومت کی مداخلت کی وجہ سے معمول کے مطابق کام کرتا ہے، مخلوط معاشی نظام کس طرح عام آدمی کے مسائل کے حل کے لیے کردار ادا کرتا ہے؟

۱۰۔ "یہ دلیل دی جاتی ہے کہ اسلام کا معاشی نظام سرمایہ دارانہ اور اشتراکی معاشی نظام کی تمام خرابیوں سے پاک ہے" اس بیان کی تائید میں ٹھوس دلائل دیجئے۔

## معاشیات (پرائیویٹ) ۲۰۱۳ء

وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

**ہدایات:** کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

"جزوی معاشیات"

۱۔ (الف) جزوی معاشیات اور کلی معاشیات کا فرق بیان کیجئے۔

(ب) "معاشیات کمیابی اور انتخاب کا علم ہے" وضاحت کیجئے۔

۲۔ (الف) خطوط عدم ترجیح کے اسلوب کے ذریعے صارف کے توازن کی وضاحت کیجئے۔

(ب) آمدنی میں تبدیلی کے نتیجہ میں صارف کے توازن پر اثرات بیان کیجئے۔

۳۔ (الف) مکمل مقابلے کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(ب) مکمل مقابلے کے تحت قلیل عرصے میں فرم کے توازن کی اشکال کی مدد سے تشریح کیجئے۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) طلب میں تبدیلی اور مقدار طلب میں تبدیلی (ii) اندرونی اور بیرونی کفایتیں

(iii) عاملین پیدائش کا مناسب ترین اشتراک (iv) قانون تقلیل افادہ مختتم

"کلی معاشیات"

۵۔ (الف) قومی آمدنی کی تعریف کیجئے اور اس کے مختلف تصورات بیان کیجئے۔

(ب) قومی آمدنی کی پیمائش کا کوئی ایک طریقہ تفصیل سے بیان کیجئے۔

۶۔ (الف) خود اختیار سرمایہ کاری اور ترغیب یافتہ سرمایہ کاری میں فرق واضح کیجئے۔

(ب) مختتم استعداد سرمایہ (M.E.C) پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کیجئے۔

۷۔ قومی آمدنی کی سطح توازن کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟ کیا یہ توازن ہمیشہ مکمل روزگار کی سطح پر ہوتا ہے؟ بحث کیجئے۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر نوٹ لکھئے:

(i) اصول ضارب (ii) تجارتی چکر کے ادوار

(iii) میلان صرف کے عوامل (iv) زری پالیسی کے مقاصد

''معاشی نظام''

۹۔ (الف) معیشت کے بنیادی مسائل کیا ہیں؟

(ب) مخلوط نظام معیشت میں یہ مسائل کس طرح حل کیے جاسکتے ہیں؟ وضاحت کیجئے۔

۱۰۔ ''اسلام کے معاشی نظام میں بے شک سرمایہ داری اور اشتراکی نظام کی کچھ قدریں مشترک ہیں لیکن اس کا اپنا ایک علیحدہ تشخص ہے۔'' وضاحت کیجئے۔

## معاشیات (ریگولر) ۲۰۱۱ء

وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

**ہدایات:** (۱) کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

(۲) جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

''جزوی معاشیات''

۱۔ (الف) خطوط عدم ترجیح کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(ب) ''قیمت کا اثر، اثر آمدنی اور اثر بدل کا مجموعہ ہے۔'' خطوط عدم ترجیح کے اسلوب کے ذریعے تشریح کیجئے۔

۲۔ (الف) غیر مکمل مقابلہ کی اقسام بیان کیجئے۔

(ب) اجارہ داری کے تحت فرم کی قلیل مدتی توازن کی تشریح ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔

۳۔ ایک فرم کی توازنی قیمت پر طلب اور رسد کی تبدیلی کے اثرات کا مندرجہ ذیل حالات میں جائزہ لیجئے۔

(i) بازاری مدت (ii) مختصر مدت (iii) طویل مدت

۴۔ حسب ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) طلب میں تبدیلی اور مقدار میں تبدیلی (ii) نقطی اور قوسی لچک

(iii) مختتم لاگت اور اوسط لاگت (iv) امتیاز قیمت

''کلی معاشیات''

۵۔ ڈائیگرام کی مدد سے واضح کیجئے کہ ''جب مجموعی طلب، مجموعی رسد کے برابر ہوجائے اور بچت سرمایہ کاری کے برابر ہوجائے تو قومی آمدنی کی توازنی سطح حاصل ہوتی ہے۔

۶۔ (الف) خود اختیار سرمایہ کاری اور ترغیب یافتہ سرمایہ کاری میں فرق واضح کیجئے۔

(ب) مختتم استعداد سرمایہ (M.E.C) پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کیجئے۔

۷۔ (الف) ضارب کے تصور کو شیڈول اور ڈائیگرام کی مدد سے واضح کیجئے۔

(ب) مندرجہ ذیل حالتوں میں ضارب کی قدر اور قومی آمدنی پر ہونے والے اثرات کو معلوم کیجئے جبکہ سرمایہ کاری میں اضافہ =/25,000 روپے ہو۔

(i) MPC = 0.25 (ii) MPS = 0.20

۸۔ حسب ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(i) افراطی اور تفریطی رخنہ (ii) قومی آمدنی کے مختلف تصورات

(iii) زرعی پالیسی کے مقاصد (iv) اصول اسراع

"معاشی نظام"

۹۔ آزادانہ بازاری معیشت میں قیمتوں کی میکانیت کا نظام کس طرح معاشی نظام کے بنیادی فرائض کی انجام دہی میں مددگار بنتا ہے، بحث کیجئے۔

۱۰۔ (الف) اسلام کے معاشی نظام کے مقاصد بیان کیجئے۔

(ب) "اسلام کا معاشی نظام ایک بہترین معاشی نظام ہے۔" دلائل دیجئے۔

## معاشیات (پرائیویٹ) ۲۰۱۱ء

وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

ہدایات: کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

"جزوی معاشیات"

۱۔ (الف) ایک گوشوارے اور ڈائیگرام کی مدد سے طلب اور رسد کا توازن سمجھائیے۔

(ب) حسب ذیل کا فرق واضح کیجئے:

(i) طلب میں تبدیلی اور مقدار طلب میں تبدیلی (ii) بازاری مدت اور مختصر مدت

۲۔ "اثر قیمت دراصل اثر آمدنی اور اثر استبدال کا کل مجموعہ ہے" خطوط عدم ترجیح کے اسلوب کی مدد سے واضح کیجئے۔

۳۔ (الف) مکمل مقابلہ کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(ب) مکمل مقابلے کے تحت قلیل عرصے میں فرم کے توازن کی اشکال کی مدد سے تشریح کیجئے۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) نقطی اور قوسی لچک (ii) عاملین پیدائش کا مناسب ترین اشتراک

(iii) قانون تقلیل حاصل (iv) مختتم اور اوسط لاگت

"کلی معاشیات"

۵۔ قومی آمدنی کی توازن سطح کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟ کیا یہ توازن ہمیشہ مکمل روزگار کی سطح پر ہوتا ہے؟ بحث کیجئے۔

۶۔ (الف) معاشیات میں سرمایہ کاری سے کیا مراد ہے؟ اس کی اقسام بیان کیجئے۔

(ب) سرمایہ کاری کا تعین کرنے والے عوامل کی مدد سے سرمایہ کاری کی طلب کا خط کشید کیجئے۔

۷۔ (الف) صرف اور تفاعل صرف میں فرق واضح کیجئے۔

(ب) ایک ڈائیگرام اور ایک شیڈول کی مدد سے صرف اور آمدنی کے مابین تفاعلی رشتہ کی وضاحت کیجئے۔

۸۔ کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(i) تجارتی چکر کے ادوار (ii) اصول ضارب

(iii) قومی آمدنی کے مختلف تصورات (iv) مالیاتی پالیسی کے مقاصد

"معاشی نظام"

۹۔ "اشتراکی معاشی نظام کے مقابلے میں سرمایہ دارانہ معاشی نظام، اسلام کے معاشی نظام کے قریب تر ہے" تبصرہ کیجئے۔

۱۰۔ ایک معیشت کے مرکزی مسائل کیا ہوتے ہیں؟ یہ مسائل اسلامی معاشی نظام میں کس طرح حل کیے جاتے ہیں؟

## معاشیات (ریگولر) ۲۰۱۰ء

وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

ہدایات: (ا) کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

(۲) جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

### "جزوی معاشیات"

۱۔ (الف) جزوی اور کلی معاشیات کا فرق بیان کیجئے۔

(ب) "معاشیات کمیابی اور انتخاب کا علم ہے" واضح کیجئے۔

۲۔ (الف) طلب کی لچک بوجہ قیمت کی تعریف کیجئے۔

(ب) مندرجہ ذیل میں تفریق کیجئے:

(i) طلب کی لچک بوجہ قیمت (ii) طلب کی متقاطع لچک

(iii) طلب کی لچک بوجہ آمدنی

۳۔ (الف) مکمل مقابلے اور غیر مکمل مقابلے کا فرق بیان کیجئے۔

(ب) مکمل مقابلے کے تحت مختصر مدت میں فرم کا توازن ڈائیگرام کی مدد سے بیان کیجئے۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) ممکنہ پیداوار کا خط (ii) قائم مصارف اور متغیر مصارف

(iii) خط عدم ترجیح کی خصوصیات (iv) داخلی اور خارجی کفایتیں

### "کلی معاشیات"

۵۔ (الف) قومی آمدنی کی تعریف کیجئے نیز قومی آمدنی عاملین پیدائش کے معاوضوں کے حساب سے اور قومی آمدنی بازاری قیمتوں کے حساب سے، کا فرق بیان کیجئے۔

(ب) قومی آمدنی کی پیمائش کا کوئی ایک طریقہ تفصیل سے بیان کیجئے۔

۶۔ (الف) صرف اور مقاعل صرف میں فرق واضح کیجئے۔

(ب) میلان صرف کو متعین کرنے والے عوامل بیان کیجئے۔

۷۔ (الف) موثر طلب سے کیا مراد ہے؟

(ب) قومی آمدنی کی متوازن سطح کا تعین کس طرح ہوتا ہے؟ ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجئے۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(i) ضارب کا تصور (ii) مالیاتی پالیسی کے مقاصد

(iii) تجارتی چکر کے ادوار (iv) خود اختیار اور ترغیب یافتہ سرمایہ کاری

### "معاشی نظام"

۹۔ "اسلامی نظام معیشت دیگر معاشی نظاموں کے مقابلے میں بہتر ہے۔" دلائل دیجئے۔

۱۰۔ (الف) معیشت کے بنیادی مسائل کیا ہیں؟

(ب) مخلوط نظام معیشت میں یہ مسائل کس طرح حل کیے جاسکتے ہیں؟ وضاحت کیجئے۔

## معاشیات (پرائیویٹ) ۲۰۱۰ء

وقت: ۳ گھنٹے

کل نمبر: ۱۰۰

**ہدایات:** کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

### "جزوی معاشیات"

۱۔ (الف) صارف کے توازن سے کیا مراد ہے؟

(ب) خطوطِ عدم ترجیح کی مدد سے صارف کا توازن بیان کیجئے۔

۲۔ (الف) طلب کی لچک بوجہ قیمت کی تعریف کیجئے۔

(ب) طلب کی لچک بوجہ قیمت کی پیمائش کس طرح کی جاتی ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۳۔ (الف) اجارہ داری اور اجارہ دارانہ مقابلے کا فرق بیان کیجئے۔

(ب) اجارہ دارانہ مقابلے کے تحت مختصر مدت میں فرم کا توازن ڈایاگرام کی مدد سے بیان کیجئے۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) جزوی اور کلی معاشیات

(ii) امتیازِ قیمت

(iii) طلب میں تبدیلی اور مقدارِ طلب میں تبدیلی

(iv) استبدالی اثر

### "کلی معاشیات"

۵۔ (الف) قومی آمدنی کی تعریف کیجئے۔

(ب) ذیل میں فرق واضح کیجئے:

(i) خام قومی پیداوار اور خام داخلی پیداوار

(ii) خام قومی پیداوار اور خالص قومی پیداوار

(iii) شخصی آمدنی اور قابل تصرف آمدنی

۶۔ (الف) ضارب کے تصور کی وضاحت کیجئے

(ب) ضارب کی قدر معلوم کیجئے جبکہ (i) M.P.S. = 0.2 (ii) M.P.C. = 0.75

۷۔ (الف) قومی آمدنی کی متوازن سطح کا تعین کس طرح ہوتا ہے؟ ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجئے۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(i) خود اختیار سرمایہ کاری اور ترغیب یافتہ سرمایہ کاری

(ii) مختتم استعداد سرمایہ

(iii) بچت کے عوامل

(iv) زری پالیسی کے مقاصد

### "معاشی نظام"

۹۔ سرمایہ دارانہ نظام کی خوبیاں اور خامیاں بیان کیجئے۔

۱۰۔ اسلامی نظام معیشت کے مقاصد اور چیدہ چیدہ خصوصیات بیان کیجئے۔

## معاشیات (ریگولر) ۲۰۰۹ء

وقت: ۳ گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

ہدایات: کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔
جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

### "جزوی معاشیات"

۱۔ "اثر قیمت" دراصل اثر آمدنی اور اثر استبدال کا کل مجموعہ ہے۔ خطوطِ عدم ترجیح کی مدد سے وضاحت کیجئے۔

۲۔ ایک فرم کی توازنی قیمت پر طلب و رسد کی تبدیلی کے اثرات کا مندرجہ ذیل حالات میں جائزہ لیجئے۔
(ا) بازاری مدت کی قیمتوں پر
(ب) مختصر مدت کی قیمتوں پر
(ج) طویل مدت کی قیمتوں پر

۳۔ (الف) ایک فرم اور ایک صنعت کا فرق واضح کیجئے۔
(ب) اجارہ داری کے تحت قیمت اور پیداوار کا تعین کیونکر ہوتا ہے؟ ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجئے۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔
(i) جزوی اور کلی معاشی تجزیہ　　(ii) امتیازی قیمت
(iii) حاصل حسب پیمانہ　　(iv) مساوی پیداوار کے خطوط کی خصوصیات

### "کلی معاشیات"

۵۔ (الف) قومی آمدنی کی تعریف بیان کریں اور قومی آمدنی کے دائری بہاؤ کی وضاحت ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔
(ب) قومی آمدنی کے اعداد و شمار کسی ملکی کی معیشت کی صحت کا آئینہ دار ہوتے ہیں۔ تشریح کیجئے۔

۶۔ اصول اسراع کی اصطلاح کی وضاحت کیجئے۔ اسراع کی عمل کاری کی وضاحت کیلئے عددی مثال دیجئے۔

۷۔ "مؤثر طلب" سے کیا مراد ہے؟ یہ کس طرح معیشت میں پیداوار اور روزگار کی سطح کو متاثر کرتی ہے؟ دائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجئے۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھئے۔
(i) اصول ضارب
(ii) افراطی اور تفریطی رخنہ
(iii) مختتم استعداد سرمایہ (MEC)
(iv) مالیاتی پالیسی کے مقاصد

### "معاشی نظام"

۹۔ آزادانہ بازاری معیشت میں قیمتوں کی میکانیت کا نظام کس طرح معاشی نظام کے بنیادی فرائض کی انجام دہی میں مددگار بنتا ہے؟ بحث کیجئے۔

۱۰۔ اسلام کے معاشی نظام میں بے شک سرمایہ داری اور اشتراکی نظام کی کچھ قدریں مشترک ہیں لیکن اس کا اپنا ایک علیحدہ تشخص ہے۔ وضاحت کیجئے۔

## معاشیات (پرائیویٹ) ۲۰۰۷ء

وقت: ۳ گھنٹے
کل نمبر: ۱۰۰

**ہدایات:** کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔
جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

### "جزوی معاشیات"

۱۔ (الف) طلب کی لچک کی تعریف کیجئے۔
(ب) مندرجہ ذیل میں فرق واضح کیجئے۔
(۱) طلب کی لچک بوجہ قیمت، (۲) طلب کی لچک بوجہ آمدنی، (۳) طلب کی متقاطع لچک

۲۔ (الف) خطوط عدم ترجیح کی مدد سے صارف کا توازن بیان کیجئے۔
(ب) صارف کی آمدنی کی تبدیلی کے نتیجہ میں صارف کے توازن پر اثر بیان کیجئے۔

۳۔ (الف) مکمل مقابلہ کی خصوصیات بیان کیجئے۔
(ب) مکمل مقابلہ کے تحت قلیل عرصے میں ایک فرم کے توازن کی تشریح اشکال کی مدد سے کیجئے۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔
(i) قانون تقلیل حاصل (ii) مقدار طلب میں تبدیلی اور طلب میں تبدیلی
(iii) خطوط مساوی پیداوار (iv) جزوی و کلی معاشیات

### "کلی معاشیات"

۵۔ (الف) صرف اور تفاعل صرف میں فرق واضح کیجئے۔
(ب) میلان صرف کو متعین کرنے والے عوامل بیان کیجئے۔

۶۔ (الف) موثر طلب سے کیا مراد ہے۔
(ب) قومی آمدنی کے توازن کی سطح کس طرح متعین ہوتی ہے۔ ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجئے۔

۷۔ (الف) سرمایہ کاری کی تعریف کیجئے اور ترغیب یافتہ اور خود اختیار سرمایہ کاری کے درمیان فرق واضح کیجئے۔
(ب) ان عوامل پر بحث کیجئے جو سرمایہ کاری پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔
(i) اصول اسراع
(ii) قومی آمدنی کے تصورات
(iii) افراطی اور تفریطی رخنہ
(iv) مکمل روزگار کا تصور

### "معاشی نظام"

۹۔ معاشی نظام کی تعریف کیجئے۔ سرمایہ دارانہ نظام اور سوشلزم کی خصوصیات کا تقابلی جائزہ پیش کیجئے۔

۱۰۔ اسلام کا معاشی نظام ایک مثالی معاشی نظام ہے۔ دلائل پیش کیجئے۔

## معاشیات (پرائیویٹ) ۲۰۰۹ء

وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

ہدایات: کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔
جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

### "جزوی معاشیات"

۱۔ (الف) خطوطِ عدم ترجیح کے اسلوب کے ذریعے صارف کے توازن کی وضاحت کیجئے۔
(ب) آمدنی کی تبدیلی کے نتیجہ میں صارف کے توازن پر اثرات بیان کیجئے۔

۲۔ (الف) فرم کے توازن سے کیا مراد ہے؟
(ب) قلیل مدت میں مکمل مقابلے کے دوران فرم کا توازن اشکال کی مدد سے بیان کیجئے۔

۳۔ (الف) طلب کی لچک بوجہ قیمت کی تعریف کیجئے۔
(ب) طلب کی لچک بوجہ قیمت، طلب کی لچک بوجہ آمدنی اور طلب کی متقاطع لچک میں فرق واضح کیجئے۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔
(i) خطوط عدم ترجیح کی خصوصیات
(ii) امتیاز قیمت
(iii) تقلیل حاصل
(iv) اندرونی اور بیرونی کفایتیں

### "کلی معاشیات"

۵۔ (الف) قومی آمدنی کی تعریف کیجئے اور اس کے مختلف تصورات بیان کیجئے۔
(ب) قومی آمدنی کی پیمائش کا کوئی ایک طریقہ تفصیل سے تحریر کیجئے۔

۶۔ ضارب کے تصور کی وضاحت کیجئے اور قومی آمدنی پر اس کے اثرات بیان کیجئے۔

۷۔ (الف) سرمایہ کاری کی تعریف کیجئے۔ خود اختیار سرمایہ کاری اور ترغیب یافتہ سرمایہ کاری کا فرق واضح کیجئے۔
(ب) سرمایہ کاری پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کیجئے۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھئے۔
(i) افراطی رخنہ
(ii) مختتم استعداد سرمایہ
(iii) مالیاتی پالیسی کے مقاصد
(iv) بیروزگاری کی اقسام

### "معاشی نظام"

۹۔ اسلامی نظام معیشت سرمایہ دارانہ نظام اور اشتراکی نظام سے کافی بہتر ہے۔ وضاحت کیجئے۔

۱۰۔ (الف) ایک معیشت کے بنیادی مسائل بیان کیجئے۔
(ب) یہ مسائل مخلوط معیشت میں کس طرح حل کیے جاتے ہیں؟ وضاحت کیجئے۔

# معاشیات (ریگولر) ۲۰۰۸ء

وقت: ۳ گھنٹے
کل نمبر: ۱۰۰

ہدایات: کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔
جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

## "جزوی معاشیات"

۱۔ اثر قیمت، اثر آمدنی اور اثر بدل کا مجموعہ ہے خطوط عدم ترجیح کے اسلوب کی مدد سے واضح کیجیے۔ ۲۰

۲۔ (الف) طلب کی لچک بوجہ قیمت کی تعریف کیجیے اور اس کا مقابلہ طلب کی متقاطع لچک سے کیجیے۔ ۱۲

(ب) طلب کی لچک بوجہ قیمت کی پیائش کس طرح کی جاتی ہے؟ وضاحت کیجیے۔ ۸

۳۔ (الف) اجارہ داری اور اجارہ دارانہ مسابقت کا موازنہ کیجیے۔ ۸

(ب) اجارہ دارانہ مسابقت کے تحت فرم کے قلیل مدتی توازن کی تشریح ڈائیگرام کی مدد سے کیجیے۔ ۱۲

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔ ۲۰

(i) جزوی اور کلی معاشیات

(ii) مکمل مقابلہ کی خصوصیات

(iii) خطوط عدم ترجیح اور خطوط مساوی پیداوار کے مابین فرق

(iv) قانون تقلیل حاصل

## "کلی معاشیات"

۵۔ (الف) صرف اور تفاعل صرف میں فرق واضح کیجیے نیز میلان صرف کا تعین کرنے والے عوامل بیان کیجیے۔

(ب) کلی معاشی تجزیہ میں تفاعل صرف کی اہمیت واضح کیجیے۔ ۸

۶۔ (الف) خود اختیاری سرمایہ کاری اور ترغیب یافتہ سرمایہ کاری میں فرق واضح کیجیے۔ ۱۰

(ب) مختتم استعداد سرمایہ کے تصور کی وضاحت کیجیے اور اس پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کیجیے۔ ۱۰

۷۔ "جب مجموعی طلب مجموعی رسد کے برابر ہو جائے اور بچت سرمایہ کاری کے برابر ہو جائے تو قومی آمدنی کی توازنی سطح حاصل ہوتی ہے۔" ڈائیگرام کے ذریعے ثابت کیجیے۔ ۲۰

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھیے۔ ۲۰

(i) قومی آمدنی (عاملین پیدائش کے معاوضوں کے حساب سے) اور قومی آمدنی (بازاری قیمتوں کے لحاظ سے)

(ii) اصول اسراع

(iii) تجارتی چکر کے ادوار

(iv) زری پالیسی کے آلات کار

## "معاشی نظام"

۹۔ (الف) ایک معیشت کے مرکزی مسائل کیا ہیں؟ ۸

(ب) یہ مسائل سرمایہ دارانہ معیشت میں کس طرح حل کیے جاتے ہیں؟ ۱۲

۱۰۔ اسلام کے معاشی نظام کی چیدہ چیدہ خصوصیات اور مقاصد بیان کیجیے۔ ۲۰

# معاشیات (پرائیوٹ) ۲۰۰۸ء

وقت: ۳ گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

**ہدایات:** کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

## ”جزوی معاشیات“

۱۔ (الف) معاشیات کمیابی اور انتخاب کا علم ہے تشریح کیجیے۔ ۱۰

(ب) معاشی تجزیہ میں جزیاتی اور کلیاتی طریقوں کی وضاحت کیجیے۔ ۱۰

۲۔ صارف کے توازن سے کیا مراد ہے؟ خطوط عدم ترجیح کے اسلوب کی مدد سے صارف کے توازن کی تشریح کیجیے۔

۳۔ (الف) اجارہ داری اور مکمل مقابلہ کا موازنہ کیجیے۔ ۸

(ب) مکمل مقابلے کے تحت قلیل عرصے میں فرم کے توازن کی اشکال کی مدد سے تشریح کیجیے۔ ۱۲

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔ ۲۰

(i) طلب کی نقطی لچک اور قوسی لچک — (ii) عاملین پیدائش کا مناسب ترین اشتراک

(iii) خطوط مساوی پیداوار — (iv) اوسط مصارف اور مختتم مصارف

## ”کلی معاشیات“

۵۔ (الف) صرف اور آمدنی کے مابین تفاعلی رشتہ کی وضاحت ڈائیگرام کی مدد سے کیجیے۔ ۱۰

(ب) ”میلان صرف“ کو متعین کرنے والے عوامل تحریر کریں۔ ۱۰

۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) کا فرق واضح کیجیے۔ ۲۰

(i) اوسط میلان بچت اور مختتم میلان بچت

(ii) قومی آمدنی (عاملین پیدائش کے تقاضوں کے حساب سے) اور قومی آمدنی (بازاری قیمتوں کے لحاظ سے)

(iii) خود اختیار سرمایہ کاری اور ترغیب یافتہ سرمایہ کاری

(iv) ضارب اور اصول اسراع

۷۔ قومی آمدنی کی متوازن سطح کا تعین کس طرح ہوتا ہے؟ کیا یہ توازن ہمیشہ مکمل روزگار کی سطح پر حاصل ہوتا ہے؟ بحث کیجیے۔ ۲۰

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھیے۔ ۲۰

(i) قومی آمدنی کی پیمائش کے مختلف طریقے

(ii) بے روزگاری کی اقسام

(ii) تجارتی چکر کے ادوار

(iv) مالیاتی پالیسی

## ”معاشی نظام“

۹۔ سرمایہ دارانہ نظام کی چیدہ چیدہ خصوصیات کیا ہیں؟ اس نظام کی خوبیاں بیان کریں۔ ۲۰

۱۰۔ اسلامی طرز مالیات کی مختلف اقسام پر تفصیل سے بحث کیجیے۔ ۲۰

## معاشیات (ریگولر) ۲۰۰۷ء

وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

**ہدایات:** کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

جزوی اور کلی معاشیات سے دو دو اور معاشی نظام سے ایک جواب مطلوب ہیں۔

### ''جزوی معاشیات''

۱۔ جزوی اور کلی معاشیات کے تصورات کی وضاحت کیجئے اور معاشی پالیسیوں کی تشکیل میں ان کی اہمیت بیان کیجئے۔

۲۔ (الف) صارف کے توازن سے کیا مراد ہے؟ خطوط عدم ترجیح کی مدد سے صارف کا توازن بیان کیجئے۔

(ب) خطوط عدم ترجیح کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۳۔ (الف) اجارہ داری اور مکمل مقابلہ کا موازنہ کیجئے۔

(ب) مکمل مقابلہ کے تحت فرم کے قلیل مدتی توازن کی تشریح اشکال کی مدد سے کیجئے۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) عاملین پیدائش کا کم از کم مصارف والا اشتراک

(ii) امتیاز قیمت

(iii) نقطی اور قوسی لچک

(iv) مختتم اور اوسط مصارف کے خطوط کے درمیان تعلق

### ''کلی معاشیات''

۵۔ (الف) قومی آمدنی کی تعریف کیجئے اور اس کے مختلف تصورات بیان کیجئے۔

(ب) قومی آمدنی کی پیمائش کے مختلف طریقوں کے نام تحریر کیجئے اور ان میں سے کسی ایک کو تفصیل سے بیان کیجئے۔

۶۔ قومی آمدنی کی متوازن سطح کا تعین کس طرح ہوتا ہے؟ کیا یہ توازن ہمیشہ مکمل روزگار کی سطح پر حاصل ہوتا ہے؟ بحث کیجئے۔

۷۔ (الف) ضارب کے تصور کی وضاحت کیجئے۔

(ب) مندرجہ ذیل حالتوں میں ضارب کی قدر اور قومی آمدنی پر پڑنے والے اثرات معلوم کیجئے جبکہ سرمایہ کاری میں اضافہ =/20,000 روپے ہو۔

(۱) مختتم میلان بچت اضافہ =1/5 (۲) مختتم میلان صرف =.25

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(i) تجارتی چکر کے ادوار

(ii) سرمایہ کی مختتم استعداد کار

(iii) بے روزگاری کی اقسام

(iv) زری پالیسی

### ''معاشی نظام''

۹۔ معاشی نظام کی تعریف کیجئے اور معیشت کے بنیادی مسائل تفصیل سے بیان کیجئے۔

۱۰۔ ''اسلامی معاشی نظام، سرمایہ دارانہ نظام سے بہتر ہے'' وضاحت کیجئے۔